ساری زندگی خطابت فرماتے رہے ۔ علاقے میں تبلیغ و اشاعت دین کا فریضہ سرانجام دیتے رہے حتیٰ کہ اپنے خالق حقیقی سے جاملے ۔

مرحوم نے بہت سی کتابیں بھی تالیف کیں ان میں سے ایک کتاب بارہ مسائل کے نام سے مشہور ہے جس میں انہوں نے ان مسائل کی تحقیق کی ہے جو اہلحدیث کو دیگر فرقوں سے ممتاز کرتی ہے ۔

اس کتاب کے بارے میں مرحوم خود فرمایا کرتے تھے کہ :

"یہ کتاب میں نے اہلحدیثوں کے لیے نہیں بلکہ غیر اہلحدیثوں کے لئے لکھی ہے "

اور یہ حقیقت ہے کہ اس کتاب کو پڑھ کر بہت سے احباب نے مسلک حقہ اہلحدیث قبول کیا ہے ۔

اللہ کریم ان کی تالیف کردہ کتب اور ان کی اولاد کو ان کے لیے صدقہ جاریہ بنائے ۔ آمین ۔

(پروفیسر عبدالرحمان لدھیانوی ۔ لاہور)

مولانا محمد داود فہیم المدنی کا سانحہ ارتحال

گذشتہ دنوں یہ خبر ہم پر برق بن کر گری جب اچانک ہمیں معلوم ہوا کہ ہمارے فاضل دوست اور مہربان ساتھی حضرت مولانا محمد داوٗد فہیم المدنی مدیر الامتحانات جامعہ سلفیہ فیصل آباد اللہ کو پیارے ہوگئے ہیں ۔ انا للہ وانا الیہ رجعون

مولانا بڑے ہی مخلص شفیق ملنسار اور تواضع کا پیکر تھے ۔ مدینہ یونیورسٹی میں وہ ہمارے کلاس فیلو تھے خصوصاً وہ مولانا محمد مدنی صاحب کے بہترین ساتھیوں میں شمار ہوتے تھے مسجد نبوی اور بیت اللہ میں مولانا مدنی صاحب اور مولانا عبدالغفار اعوان صاحب کی شرک وبدعات کے خلاف تقاریر کے دوران وہ سامعین پر گہری نگاہ رکھتے تھے دوران تقریر جب بھی معبودان باطل کی گرفت کی جاتی تو بعض سامعین سیخ پا ہوجاتے تو مولانا مرحوم عقاب کی سی تیزی کے ساتھ اس پر جھپٹ پڑتے اور اسے سامعین میں سے اچک کر ایک طرف لے جاتے اور بڑے حکمت اور تحمل کے ساتھ اسے سمجھاتے !

آہ ! اب مولانا ہمارے درمیان نہیں رہے مگر ان کی باتیں اور یادیں باقی رہ گئی ہیں اللہ تعالیٰ انہیں اعلیٰ علیین میں مقام عطا فرمائے ۔ انکی غلطیوں کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے ۔ ان کے پسماندگان خصوصاً ان کے چھوٹے بھائی مولانا مسعود الرحمان جانباز کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔ آمین

ڈاکٹر رانا محمد اسحاق کی وفات

گذشتہ دنوں لاہور میں مدینہ منورہ میں ہمارے ساتھی ڈاکٹر محمد اسحاق انتقال فرماگئے انا للہ وانا الیہ رجعون پاکستان آنے کے بعد ڈاکٹر صاحب نے علم وحدیث سے اپنا ناطہ نہیں توڑا اور اسکی نشر و اشاعت کا اہتمام کرتے رہے اللہ تعالیٰ انکی نیکیوں کو قبول فرمائے اور انکی لغزشوں سے درگزر فرمائے ۔ ان کے پسماندگان خصوصاً انکے صاحبزادے خالد المدنی کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔ آمین !